# حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی

HESCO

# ملازمت کے مواقع

حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) ایک پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی ہے جو مکمل طور پر حکومت پاکستان کی ملکیت ہے اور 10500 سے زائد ملازمین کی افرادی قوت کے ساتھ کام کر رہی ہے، حیسکو (ماسوائے کراچی) جنوبی سندھ کے (13) اضلاع (حیدرآباد، ٹھٹھہ، میرپورخاص، نواب شاہ، ٹمیاری، جامشورو، بدین، سانگھڑ، عمرکوٹ، سجاول، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈو الہ یار، تھرپارکر) کے 1.2 ملین صارفین کو بجلی فراہم کر رہی ہے، حیسکو کو میسرز قائد عوام یونیورسٹی ٹیسٹنگ سروس (QAUTS) کے ذریعے آفیسرز کی درج ذیل اسامیوں کو پُر کرنے کیلئے ایک سالہ (کارکردگی اور ضرورت کی بنیاد پر قابل توسیع) مدت کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں، تمام کوٹوں مثلاً صوبائی، سابقہ فاٹا، جی بی، اے جے کے، خواتین، معذور اور قلیتی وغیرہ پر (جہاں کہیں اطلاق ہوا) حکومت پاکستان کی پالیسی کے مطابق عمل کیا جائیگا، یہ تعیناتیاں مستقبل میں ریگولرائزیشن کے کسی بھی امکان کے بغیر یکمشت تنخواہ/پے پیکج کے مطابق ہوں گی۔

| نمبر شمار | نام اسامی | اہلیت/تعلیمی قابلیت | تعداد اسامی | تخصیص کوٹہ | حد عمر بشمول حکومتی پالیسی کے مطابق منظور شدہ 5 سالہ رعایت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جونیئر انجینئر | • پاکستان انجینئرنگ کونسل (PEC) کے پاس باقاعدہ رجسٹرڈ ایچ ای سی کی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے فرسٹ ڈویژن (کم از کم 60% مارکس /4/2.5 سی جی پی اے) میں بی ای/بی ایس سی (الیکٹریکل/الیکٹرونکس انجینئرنگ ڈگری<br>• تقرر کیلئے کمپیوٹر لٹریسی ضروری ہے۔ | 72 | میرٹ 06<br>پنجاب (اوپن) 31<br>پنجاب (خواتین) 02<br>پنجاب (اقلیتی) 02<br>پنجاب (معذور) 01<br>سندھ (دیہی) (اوپن) 08<br>سندھ (شہری) (اوپن) 06<br>کے پی کے (اوپن) 08<br>بلوچستان (اوپن) 04<br>جی بی (اوپن) 01<br>اے جے کے (اوپن) 01<br>سابقہ فاٹا (اوپن) 02 | 21-33 سال |
| 2 | اسسٹنٹ منیجر (فنانس) | • ایچ ای سی سے تسلیم شدہ کسی یونیورسٹی/انسٹیٹیوٹ سے ایم بی اے/ایم پی اے/ایم اے در فنانس/سی اے انٹر/سی ایم اے انٹر/ایم کام یا بی کام (آنرز) 4 سالہ کورس/بی بی اے (آنرز) در فنانس مع تعلیمی کیریئر میں کم از کم دو فرسٹ ڈویژنز یا درج بالا ڈسپلنز میں 4 سال/8 سیمسٹر آنرز ڈگری۔<br>• امیدوار ونڈوز اور ایم ایس ایکسل پر خصوصی ایفیشیسی کے ساتھ کمپیوٹر چلانے کی لازماً اہلیت رکھتا ہو۔ | 03 | پنجاب (اوپن) 02<br>کے پی کے (اوپن) 01 | 21-33 سال |
| | | | 01 | درج کردہ تعلیمی قابلیت کے حامل حیسکو ملازمین کیلئے 10% اندرون تقرر کوٹہ بحوالہ نمبر شمار 6 پر درج ہدایات | - |

درخواست گزاران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ میسرز قائد عوام یونیورسٹی ٹیسٹنگ سروس (QAUTS) کی ویب سائٹ qts.quest.edu.pk پر دستیاب متعلقہ مخصوص درخواست فارم کو پُر کرنے سے قبل درج ذیل ہدایات کو احتیاط کے ساتھ اچھی طرح پڑھ لیں۔

## ہدایات اور عمومی شرائط۔

1 تمام امیدواران کا انتخاب وفاقی حکومت کی پالیسی کے مطابق کوٹہ پر عملدرآمد کرتے ہوئے میرٹ پر کیا جائے گا۔

2 عمر میں رعایت حکومتی پالیسی کے مطابق تمام اسامیوں کے مقابل پہلے ہی دے دی گئی ہے، مخصوص حد عمر میں مزید کوئی رعایت نہیں دی جائیگی، ماسوائے ان امیدواران کے جو شیڈول کاسٹ، بدھ مت، فاٹا، گلگت بلتستان اور آزاد جموں کشمیر سے تعلق رکھتے ہوں ان کیلئے مزید 03 سال رعایت ہوگی۔

3 ایسے امیدواران جو معذور کوٹہ پر درخواست دیں انہیں معذور افراد کی بحالی کیلئے شہر/ضلع/صوبائی کونسل سے معذور افراد کیلئے قائم اسسمنٹ بورڈ کا جاری کردہ معذوری کا سرٹیفکیٹ لازماً منسلک کرنا ہوگا۔

4 وہ سرکاری ملازمین جن کو درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ پر مسلسل 2 سال مکمل ہو چکے ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ محکمانہ توسط سے درخواست جمع کرائیں، امیدواران کو انٹرویو کے وقت اپنے محکمہ کا اصل نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ (NOC) فراہم کرنا ہوگا۔

16 امیدواران تحریری ٹیسٹ، امیدواران کی صوبائی وحتمی فہرست کی آویزگی، رول نمبر سلپس، ٹیسٹ سینٹرز، رزلٹ وغیرہ کے ضمن میں مزید استفسار/معلومات کیلئے میسرز قائد عوام یونیورسٹی ٹیسٹنگ سروس (QAUTS) سے ای میل qts@quest.edu.pk یا فون نمبر 5-0244-9370381 ایکسٹینشن نمبر 3315 یا 0244-930363 پر رابطہ کر سکتے ہیں، حیسکو کسی بھی معاملے میں رابطہ نہیں کرے گی۔

17 منتخب امیدواران کو کمپنی کی ضرورت کے تحت حیسکو کی حدود کے اندر یا پورے ملک میں کہیں پر بھی جہاں حیسکو کو اپنے کام کیلئے ضرورت ہوئی، تعینات کیا جائیگا۔

18 مجاز حکام بغیر کوئی وجہ بتائے اشتہار ہذا کو منسوخ کر سکتے ہیں اور کسی بھی مرحلے پر بھرتی پراسیس کو روک دینے اور اسامیوں کی تعداد میں کمی یا بیشی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

19 امیدواران کی ملازمت تعلیمی اسناد کی تصدیق/پولیس ویری فکیشن اور میڈیکل فٹنس سے مشروط ہوگی۔

## درخواست کیسے دی جائے۔

(i) درخواست فارمز، چالان اور دیگر معلومات میسرز قائد عوام یونیورسٹی ٹیسٹنگ سروس (QAUTS) ویب سائٹ qts.quest.edu.pk پر دستیاب ہیں۔

Scanned with CamScanner

5 اقلیتی، معذور اور خواتین کوٹہ (جہاں اطلاق ہوتا ہو) پر حکومتی پالیسی کے مطابق عملدرآمد کیا جائے گا۔

6 حیسکو ملازمین جو براہ راست تقرر کیلئے مقررہ تعلیمی قابلیت اور معیار رکھتے ہوں، کیلئے اندرون ملازمت کوٹہ اس شرط سے مشروط ہوگا کہ انہیں نمبر شمار 02 پر اسسٹنٹ مینیجر اکاؤنٹس کی اسامی کیلئے انڈکشن ایگزام میں حاضر ہونا ہوگا۔

7 صرف شارٹ لسٹ کئے گئے امیدواران کو ہی ٹیسٹ/انٹرویو کیلئے بلایا جائیگا۔

8 ٹیسٹ/انٹرویو میں حاضر ہونے والے امیدواران کو ٹی اے/ڈی اے ادا نہیں کیا جائے گا۔

9 کسی بھی مرحلے پر چھپانے یا غلط حقائق پیش کرنے کا نتیجہ امیدوار کو نااہل قرار دینے پر منتج ہوسکتا ہے اگرچہ یہ حقائق تعیناتی کے بعد ہی کیوں نہ ظاہر ہوں۔

10 صرف وہ امیدوار جو ریکوزٹ تعلیمی قابلیت / معیار پر پورا اترتے ہوں، درخواست دینے کے اہل ہوں گے، وہ امیدواران جن کی فائنل مارکس شیٹس تاحال جاری نہیں ہوئیں، انہیں زیر غور نہیں لایا جائیگا، نتائج کا انتظار کرنے والے امیدواران بھی درخواست دینے کیلئے اہل نہیں ہیں۔

11 حیسکو میں شخصی طور پر / بذریعہ کوریئر کوئی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔

12 درخواستیں آن لائن جمع کرانے کی آخری تاریخ 07-11-2022 ہے۔

13 امیدواران کو دستاویزات کی مفصل اسکروٹنی سے مشروط اور رولز کے تحت اہلیت چیک کرنے کے بعد انٹرویو/ مزید پراسیس کیلئے بلایا جائیگا، محض تحریری ٹیسٹ پاس کرنے سے امیدوار مزید ریکروٹمنٹ پراسیس کیلئے اہل نہیں ہو جائیگا۔

14 امیدواران کی اہلیت تعلیمی قابلیت، تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو مارکس کا تعین کرے گی۔

15 کسی بھی ادارے سے برطرف / نکالے گئے یا مجرمانہ ریکارڈ کے حامل ملازمین ملازمت کیلئے اہل نہیں ہوں گے۔

سائٹ qts.quest.edu.pk پر دستیاب ہیں۔

(ii) درخواستیں آن لائن جمع کرانے کے بعد امیدواران -/428 روپے کا سسٹم جنریٹڈ چالان لازماً ڈاؤن لوڈ کریں اور اسے ایچ بی ایل کی ملک بھر میں کسی بھی آن لائن برانچ میں جمع کرائیں، جمع کرائی گئی فیس ناقابل واپسی ہے۔

(iii) سی این آئی سی کی کاپی، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، پیشگی تعلیمی دستاویزات اور ادا شدہ فیس چالان (اصل) کی کاپی کے ساتھ درخواست فارم مورخہ 07-11-2022 تک پروجیکٹ حیسکو، قائد عوام یونیورسٹی ٹیسٹنگ سروس QAUTS، ڈپارٹمنٹ آف ٹیلی کمیونیکیشن انجینئرنگ QUEST، سکرنڈ روڈ نواب شاہ کو بھیج دی جائیں، کسی بھی لحاظ سے نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصولہ درخواستیں زیر غور نہیں لائی جائیں گی۔

(iv) امیدواران کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ بھرتی کے پراسیس کے دوران اپنے موبائل نمبرز، ڈاک اور ای میل ایڈریس ہرگز تبدیل نہ کریں ایسا کرنے کی صورت میں امیدواران ٹیسٹ کی تاریخ، رزلٹ اور انٹرویو شیڈول کی اطلاع سے محروم ہوسکتے ہیں۔

(v) امیدواران کو ایک ڈیکلریشن پر دستخط کرنا ہوں گے کہ اس (خاتون/ مرد) کی طرف سے فراہم کردہ معلومات سچی اور درست ہیں۔

## انتباہ

امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سلیکشن پراسیس میں کوئی بھی شخص ان کی کوئی مدد نہیں کریگا، اس لئے امیدواران کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ ایسے کسی شخص کے جھانسے میں نہ آئیں اور اس سے رابطہ نہ کریں جو (مرد/ خاتون) یہ دعویٰ کرے کہ وہ سلیکشن کرا سکتا ہے۔

**ڈائریکٹر جنرل/ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر**

**حیسکو ہیڈکوارٹر، حسین آباد، حیدرآباد**

PID(H)198/2022

Scanned with CamScanner